## قرض گیمبلنگ کی رقم سے واپس کیا تو لیاجاسکتا ہے؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں نے کسی کو رقم قرض دی اور اس نے مجھے گمبلِنگ سے جیتی ہوئی رقم واپس کی کیا مجھے ایسی رقم لینا جائز ہے ؟

سائل:عبداللہ (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

اگر آپ کو معلوم ہے کہ یہ جو مجھے دیا جانے والا مال بعینہ حرام مال ہے تو اس کا لینا جائز نہیں لہٰذا اس حلال رقم کا مطالبہ کیا جائے۔جیساکہ امام محمد علیہ الرحمۃ نے روایت کیا ہے کہ جب تک معلوم نہ ہوجائے کہ مجھے دیا جانے والا مال حرام بعینہ ہے اور یہ مخلوط یا کسی دوسرے مال سے بدلا ہوانہیں تو اسے لینا ناجائز ورنہ جائز ہے ۔

جیساکہ فتاوی ہندیہ میں ہے :**"اخْتَلَفَ النَّاسُ فِي أَخْذِ الْجَائِزَةِ مِنْ السُّلْطَانِ قَالَ بَعْضُهُمْ يَجُوزُ مَا لَمْ يَعْلَمْ أَنَّهُ يُعْطِيهِ مِنْ حَرَامٍ قَالَ مُحَمَّدٌ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَبِهِ نَأْخُذُ مَا لَمْ نَعْرِفْ شَيْئًا حَرَامًا بِعَيْنِهِ، وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَأَصْحَابِهِ"**علماء نے بادشاہ سے انعام وغیرہ لینے کے بارے میں اختلاف کیا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ جائز ہے جب تک معلوم نہ ہوجائے کہ وہ حرام مال سے ہی دیتا ہے(یہی صحیح ہے) اور امام محمدعلیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جب کسی چیز کے حرام بعینہ ہونے کا ہمیں علم نہ ہو جاے تو ہم اسی قول کو اختیارکرتے ہیں ۔

(فتاوٰی ہندیہ کتاب الکراہیۃ البا ب الثانی ج5 ص 342)

اوراگر اس نے کسی کافر کے ساتھ اسے دھوکا دئیے بغیر گیمبلِنگ کرکے مال حاصل کیا تو وہ مال اس کے لیے حلال ہے اور آپ کا اسے حاصل کرنا بھی جائز ہے ۔

جیساکہ ردالمحتار میں مذکور ہے:**"وَإِذَا دَخَلَ الْمُسْلِمُ دَارَ الْحَرْبِ بِأَمَانٍ، فَلَا بَأْسَ بِأَنْ يَأْخُذَ مِنْهُمْ أَمْوَالَهُمْ بِطِيبِ أَنْفُسِهِمْ بِأَيِّ وَجْهٍ كَانَ لِأَنَّهُ إنَّمَا أَخَذَ الْمُبَاحَ عَلَى وَجْهٍ عَرَى عَنْ الْغَدْرِ فَيَكُونُ ذَلِكَ طَيِّبًا لَهُ وَالْأَسِيرُ وَالْمُسْتَأْمَنُ سَوَاءٌ حَتَّى لَوْ بَاعَهُمْ دِرْهَمًا بِدِرْهَمَيْنِ أَوْ بَاعَهُمْ مَيْتَةً بِدَرَاهِمَ أَوْ أَخَذَ مَالًا مِنْهُمْ بِطَرِيقِ الْقِمَارِ فَذَلِكَ كُلُّهُ طَيِّبٌ لَهُ"**جب کوئی مسلمان امان لے کر دارالحرب میں داخل ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ وہ حربیوں کا مال ان کی رضامندی سے کسی بھی طریقے سے لے کیونکہ اس نے مال مباح ایسے طریقے سے لیا جو کہ دھوکہ سے خالی ہے لہٰذا یہ اس کےلئے حلال ہے، قیدی اور مستامن برابر ہیں ، یہاں تک کہ اگر کسی نے ان پر دو درہموں کے عوض ایک درہم بیچا یا کچھ درہموں کے عوض مردار بیچا یا جوئے(گیمبلِنگ) کے ذریعے ان کا مال لے لیا تو یہ سب اس کے لئے حلال ہے ۔

(ردالمحتار کتاب البیوع باب الربا داراحیاء التراث العربی بیروت۴/ ۱۸۸)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہُ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date:02-04-2019

**Can one accept a loan if it was paid back using money from gambling?**

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: I borrowed someone some money, and so he returned me the payment from some money he had won from gambling. Is it permissible for me to accept this money?**

Questioner: Abdullah from England

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِكِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

If one knows that the wealth being given from gambling is, in essence, Harām wealth, then it is not permissible to accept this, therefore one should ask said person for a Halāl source of payment. Just as Imām Muhammad, upon whom be mercy, states that unless a person doesn't come to know that the wealth being given to them is, in essence, Harām, and it is not mixed [with other wealth which is Halāl], or it has not changed [ownership] from some other wealth[1], then accepting it is impermissible, otherwise it is permissible.

Just as it is stated in Fatāwā Hindiyyah,

**"اخْتَلَفَ النَّاسُ فِي أَخْذِ الْجَائِزَةِ مِنْ السُّلْطَانِ قَالَ بَعْضُهُمْ يَجُوزُ مَا لَمْ يَعْلَمْ أَنَّهُ يُعْطِيهِ مِنْ حَرَامٍ قَالَ مُحَمَّدٌ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَبِهِ نَأْخُذُ مَا لَمْ نَعْرِفْ شَيْئًا حَرَامًا بِعَيْنِهِ، وَهُوَ قَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَأَصْحَابِهِ"**

"Scholars have differed over taking a wage, etc from a king, sultan, etc; some have said it is permissible so long as one does not come to know that it is actually harām wealth from which he is giving from. Imām Muhammad, upon whom be mercy, states that when we don't know something is harām in its essence, then we will choose this opinion."

[Fatāwā Hindiyyah, vol 5, ch 2, pg 342]

Though, if a person has attained some wealth from a non-Muslim via gambling without any form of deception whatsoever, then this wealth is Halāl for such person, and it is also permissible for one to accept such from said person.

Just as it stated in Radd al-Muhtār,

---

[1] A change in ownership causes a change in the ruling regarding that wealth i.e. Person A gives Harām wealth to person B, and then person B gives it back to person A; this wealth is thereby no longer Harām.

"وَإِذَا دَخَلَ الْمُسْلِمُ دَارَ الْحَرْبِ بِأَمَانٍ، فَلَا بَأْسَ بِأَنْ يَأْخُذَ مِنْهُمْ أَمْوَالَهُمْ بِطِيبِ
أَنْفُسِهِمْ بِأَيِّ وَجْهٍ كَانَ لِأَنَّهُ إنَّمَا أَخَذَ الْمُبَاحَ عَلَى وَجْهٍ عَرَى عَنْ الْغَدْرِ فَيَكُونُ
ذَلِكَ طَيِّبًا لَهُ وَالْأَسِيرُ وَالْمُسْتَأْمَنُ سَوَاءٌ حَتَّى لَوْ بَاعَهُمْ دِرْهَمًا بِدِرْهَمَيْنِ أَوْ بَاعَهُمْ مَيْتَةً
بِدَرَاهِمَ أَوْ أَخَذَ مَالًا مِنْهُمْ بِطَرِيقِ الْقِمَارِ فَذَلِكَ كُلُّهُ طَيِّبٌ لَهُ"

"If a Muslim enters a non-Muslim governance in the state of safety, then there is no problem in accepting wealth from non-Muslim harbīs with their consent via any means, because he has taken permissible wealth free from any form of deception, thus it is halāl for such Muslim. A prisoner and a free person are both the same, up to the extent that if someone sold them a dirham in exchange for two, or sold them carrion [dead meat] in exchange for some amount of money, or accepted their wealth via gambling; these are all therefore halāl for such Muslim."

[Radd al-Muhtār, vol 4, pg 188]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali